کے تعلقات پیدا کرنا ہیں۔"

اردو پروگرام فرانسس پال ترتیب دیں گے جو گزشتہ پانچ سال سے روم میں پاپائی مشن تھیالوجی کے طالب علم ہیں۔ پروگرام پاپائی کمیشن برائے مسیحی - مسلم تعلقات کے تعاون سے پیش کیا جائے گا۔ (پندرہ روزہ "کاتھولک نقیب"، لاہور - ۱۶ تا ۳۱ جولائی ۱۹۹۳ء)

ویٹیکن کے سالانہ بجٹ کا خسارہ کم ہو گیا ہے۔

زرِ مبادلہ کی بہتر شرح اور فراخ دلانہ عطیات کے سبب ویٹیکن کے بجٹ کا خسارہ کم ہو گیا ہے۔ اب خسارہ صرف تیس لاکھ ڈالر رہ گیا ہے، جب کہ آٹھ کروڑ تیس لاکھ کے خسارے کا اندازہ تھا۔

ویٹیکن نے ۱۹۷۰ء کے عشرے کے آخر میں بجٹ کے اعداد و شمار شائع کرنے شروع کیے تھے، اس وقت سے لے کر اب تک یہ سب سے کم خسارہ ہے۔ ویٹیکن کے شعبۂ مالیات نے بشپی حلقوں، مذہبی تنظیموں اور خصوصی اداروں کے عطیات کا بالخصوص ذکر کیا ہے۔ ۱۹۹۱ء میں ویٹیکن نے دنیا بھر میں بشپوں پر زور دینا شروع کیا تھا کہ رواں اخراجات کے پورا کرنے کے لیے عطیات میں اضافے کے لیے کوشش کی جائے۔ فراخ دلانہ عطیات کے ساتھ کمزور اطالوی کرنسی، لیرا نے حالات کو بہتر بنانے میں بڑی مدد دی ہے۔ ویٹیکن کے عطیات بالعموم غیر ملکی کرنسیوں میں ہوتے ہیں، اس لیے ویٹیکن کو بہتر شرح مبادلہ سے خوب فائدہ ہوا ہے۔

موجودہ بہتر مالی صورتِ حال کا مطلب یہ ہے کہ پوپ کے لیے خصوصی طور پر جمع شدہ رقم (Peter's Pence) اب صرف ان ہی مقاصد کے لیے استعمال ہوگی جن کے لیے یہ جمع کی جاتی ہے، یہ رقم اب ویٹیکن کے عمومی اخراجات پورے کرنے میں کام نہیں آئے گی۔ ۱۹۹۲ء میں Peter's Pence کی مقدار کوئی چھ کروڑ ڈالر تھی۔ (ہفت روزہ "دی ٹیبلٹ" - لندن، ۳ جولائی ۱۹۹۳ء)